PWCS کے عزیز اہل خانہ،

ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن نے سٹینڈرڈ آف لرننگ (SOLs) میں طلباء کی تعلیمی کارکردگی کی جانچ میں مدد کے لیے ورجینیا اسسمنٹ پروگرام تیار کیا ہے۔ SOLs سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کامن ویلتھ آف ورجینیا کی توقعات کے مطابق طلباء مطالعہ، تحریر نویسی، ریاضی، سائنس، اور تاریخ/ سماجی سائنس کے مضامین کے بارے میں کتنا علم رکھتے ہیں اور کتنا کچھ کرنے کے قابل ہیں۔ SOLs کی نقول آن لائن VDOE کی ویب سائٹ http://www.doe.virginia.gov پر موجود ہیں۔

ہر سال، مختلف گریڈ لیول کی سطح کے طلباء سے SOL ٹیسٹنگ یا متبادل امتحانات میں شرکت کی توقع کی جاتی ہے الا یہ کہ ریاست یا وفاقی قانون یا ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن ضوابط کے تحت خصوصی استثنا حاصل ہو۔ گریڈ 3 سے 8 تک کے زیادہ تر طلباء سالانہ بنیادوں پر کسی قسم کے SOL ٹیسٹنگ یا امتحانات میں میں شرکت کریں گے۔ ہائی سکول طلباء خاص طور پر شرکت کرتے ہیں جب انہیں گریجویشن کے لیے تصدیق شدہ کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے مطلوبہ سکور کی ضرورت ہوتی ہے یا وفاقی قانون کے تحت شرکت کی شرائط کو پورا کرنا ہوتا ہے۔ کچھ SOL ٹیسٹ، جیسے الجبرا I، صرف کورسز کی تکمیل پر لیے جاتے ہیں۔ کچھ SOL ٹیسٹ، جیسے انٹیگریٹڈ ریڈنگ اینڈ رائٹنگ ٹیسٹ، صرف گریڈ 5 اور 8 کے طلباء سے لیے جاتے ہیں۔ VDOE کے مطابق، والدین درخواست کر سکتے ہیں کہ ان کا ہائی سکول کا سٹوڈنٹ ریاست اور وفاقی قانون کے مطابق درکار ٹیسٹنگ کے علاوہ اضافی ٹیسٹنگ میں شرکت کر سکتا/سکتی ہے اگر وہ فی الحال متعلقہ کورس میں داخل ہیں۔

ٹیسٹنگ مکمل ہو ہونے کے بعد، آپ کے بچے کی کارکردگی کے بارے میں معلومات آپ کے ساتھ شیئر کی جائیں گی۔ PWCS میں ٹیسٹنگ کے عمومی وقت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی ہماری ویب سائٹ پر جائیں:

https://www.pwcs.edu/departments/accountability/testing/testing_calendar

اپنے بچے کے ٹیسٹ کی اصل تاریخوں یا ان ٹیسٹوں کے بارے میں مزید مخصوص معلومات کے لیے جن میں وہ حصہ لیں گے، براہ مہربانی اپنے بچے کے سکول سے براہ راست رابطہ کریں۔

مخلص،

Paul F. Parker, Ph.D.
سپروائزر برائے ٹیسٹنگ

DR. PAUL F. PARKER,
Supervisor of Testing
Department of Research, Accountability, & Strategic Planning
P.O .Box 389, Manassas, VA 20108 • www.pwcs.edu • 703-791-8308 • FAX 703-791-7366